**09.12.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان
**Music**
.................................

- ☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کے سامنے ڈیموکریسی، **Demography** اور **Data** کی حقیقی طاقت کا مظاہرہ کررہا ہے۔ وزیراعظم نے جے پور میں درخشاں راجستھان عالمی سرمایہ کاری سربراہ کانفرنس کا افتتاح کیا۔
- ☆ **BJP** کے لیڈر راہل نارویکر کو مہاراشٹر اسمبلی کا اسپیکر بلامقابلہ منتخب کیا گیا ہے۔
- ☆ بھارت نے موجودہ انتشار کے تناظر میں شام کی علاقائی سالمیت برقرار رکھنے کیلئے اجتماعی کوششوں پر زور دیا ہے۔
- ☆ خارجہ سکریٹری وکرم مصری ڈھاکہ میں دفترِ خارجہ کی مشاورت کے تحت میٹنگ میں بھارتی وفد کی قیادت کررہے ہیں۔
- ☆ اور سنگا پور میں عالمی شطرنج چمپئن شپ میں آج بھارتی گرانڈ ماسٹر **D.Gukesh** کا سامنا چین کے **Ding Liren** سے ہونے والا ہے۔

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM RAJASTHAN**

وزیراعظم نریندر مودی نے جے پور میں، آج درخشاں راجستھان عالمی سرمایہ کاری سربراہ کانفرنس کا افتتاح کیا۔ جے پور **Exhibition** اور کنونشن سینٹر میں تین روزہ سربراہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ دنیا میں ہر سرمایہ کار اور ماہر بھارت کے تعلق سے بہت دلچسپی کا اظہار کر رہا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت نے ریفارم، پرفارم اور ٹرانسفارم یعنی اصلاحات، کارکردگی اور بڑی تبدیلی کے منتر کے ساتھ، جو ترقی حاصل کی ہے، وہ ہر شعبے میں دیکھی جاسکتی ہے۔

**S/B : PM Investor**

وزیراعظم نے زور دے کر یہ بھی کہا کہ موجودہ صدی میں ٹیکنالوجی اور **Data** سرکردہ رول ادا کررہے ہیں اور بھارت دنیا کے سامنے ڈیموکریسی، **Demography** اور **Data** کی حقیقی طاقت کا مظاہرہ کررہا ہے۔

جناب مودی نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ ڈیجیٹل تکنیک کو جمہوری طرز پر ڈھالنے سے کس طرح سبھی شعبوں اور معاشرے کے سبھی طبقوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔

**S/B : PM Technology**

وزیراعظم نے کہا کہ راجستھان نہ صرف آگے بڑھ رہا ہے، بلکہ یہ بھروسے مند بھی ہے۔

ملک کے سرکردہ کاروباری رہنما اِس سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے جے پور پہنچ چکے ہیں۔ اِس میں 32 ملکوں کے نمائندے شرکت کررہے ہیں، جس میں 17 ساجھیدار ممالک ہیں۔
کانفرنس کا دوسرا دن پرواسی راجستھانی Conclave کیلئے مخصوص رہے گا۔ آخری دن MSME Conclave منعقد کیا جائے گا۔
وزیراعظم نریندر مودی آج ہی ہریانہ کے پانی پت میں LIC کی بیمہ سکھی یوجنا کا آغاز کرنے والے ہیں۔ جناب مودی مہارانا پرتاپ باغبانی یونیورسٹی کے بڑے کیمپس کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔×

### Maha Assembly

BJP کے لیڈر راہل نارویکر کو اتفاقِ رائے سے مہاراشٹر اسمبلی کا اسپیکر منتخب کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس نے نائب وزراء اعلیٰ اجیت پوار اور ایکناتھ شندے کے ہمراہ جناب نارویکر کو اسپیکر کے عہدے پر فائز کرنے کیلئے تجویز پیش کی۔ اسمبلی کی کارروائی آج بقیہ نئے منتخب ارکانِ اسمبلی کو حلف دلائے جانے کے ساتھ شروع ہوئی۔ عبوری اسپیکر کالی داس Kolambkar نے اِن ارکان کو حلف دلایا۔×

### Jharkhand Assembaly

رانچی میں جھارکھنڈ اسمبلی کا چار روزہ خصوصی اجلاس نئے منتخب ارکان کے خیرمقدم کے ساتھ شروع ہوگیا ہے۔ نئے منتخبہ ارکانِ اسمبلی کو حلف دلانے اور نئے اسپیکر کے انتخاب کیلئے یہ اجلاس طلب کیا گیا ہے۔ عبوری اسپیکر اسٹیفن مرانڈی نئے منتخب ارکان کو حلف دلا رہے ہیں اور یہ سلسلہ کل تک جاری رہے گا۔
ارکان کے حلف لینے کے بعد اسپیکر کا انتخاب کیا جائے گا اور پھر ہیمنت سورین سرکار ایوان میں اعتماد کا ووٹ حاصل کرے گی۔ ریاست کے گورنر سنتوش کمار گنگوار بدھ کے روز اسمبلی سے خطاب کریں گے اور اِس کے بعد موجودہ مالی سال کا دوسرا ضمنی بجٹ ایوان میں پیش کیا جائے گا۔×

### Parl-Adjourn

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں آج مختلف معاملات پر کارروائی باربار ملتوی ہوئی۔ ان معاملات میں ایک سرکردہ کاروباری گروپ کے خلاف رشوت کے مبینہ الزامات اور امریکہ میں قائم ایک سرکردہ فاؤنڈیشن کے ساتھ کانگریس رہنماؤں کے مبینہ رابطے شامل ہیں۔ پہلی بار ملتوی کئے جانے کے بعد لوک سبھا کی کارروائی جب دوبارہ شروع ہوئی تو شور وغل جاری رہا۔ کانگریس کے ارکان پارلیمنٹ نعرے بازی کرتے ہوئے ایوان کے وسط میں آگئے۔ صدر نشیں نے احتجاج کرنے والے ارکان سے ایوان کی کارروائی چلنے دینے کی اپیل کی۔ لیکن شور وغل جاری رہا اور ایوان کی کارروائی دوپہر 2 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔×

### IIG-2024

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے محکمے کے مرکزی وزیرمملکت Jitin Prasad نے کہا ہے کہ آج کے دور میں انٹرنیٹ محض کنکٹویٹی کا ایک وسیلہ ہی نہیں ہے، بلکہ یہ دنیا کی معیشتوں، معاشروں اور انفرادی امنگوں کی تکمیل کا ایک پلیٹ فارم بن گیا ہے۔ وزیرموصوف انڈیا انٹرنیٹ Governance کے افتتاحی اجلاس میں اظہارِ خیال کررہے تھے۔

انٹرنیٹ کے خطرات کا تذکرہ کرتے ہوئے جناب پرساد نے کہا کہ مضبوط انٹرنیٹ بنیادی ڈھانچہ، جدید طرز کے سیکورٹی Protocols کو اختیار کئے بغیر اور خطرات کا پتہ لگانے والا نظام نصب کئے بغیر برقرار نہیں رہ سکتا۔×

**INDIA DIGITAL GROWTH**

بھارت کے ڈجیٹل بنیادی ڈھانچے کو قابل ذکر فروغ حاصل ہوا ہے، اب تک 138 اعشاریہ تین-چار کروڑ آدھار نمبر جاری کیے جا چکے ہیں۔

ڈجیٹل لاکر جیسے بنیادی پلیٹ فارمس پر اَب 37 کروڑ چار لاکھ 60ہزار سے زیادہ صارفین کے لیے776 کروڑ دستاویزات موجود ہیں۔ جبکہ دِکشا تعلیم پلیٹ فارم پر 556 کروڑ 37 لاکھ لرننگ سیشنز موجود ہیں۔ اِس پلیٹ فارم پر 17 کروڑ 95 لاکھ افراد نے مختلف کورسوں میں اپنا اندراج کرایا ہے اور 14 اعشاریہ تین-سات کروڑ نے کورس مکمل کئے ہیں۔

ایک سرکاری بیان میں اطلاعات و نشریات کی وزارت نے بھارت کی ترقی کرتی ہوئی ڈجیٹل معیشت کا خاص طور پر ذکر کیا ہے، جسے کلاؤڈ کمپیوٹنگ، AI اور ڈجیٹل حکمرانی کے شعبوں میں اختراعات کی مدد حاصل ہے۔ UPI لین دین نومبر میں 15 اَرب 48 کروڑ تک پہنچ گیا، جس کی کُل قدر 21 اعشاریہ 55 لاکھ کروڑ روپے ہے۔×

**Syria MEA**

بھارت نے سبھی فریقوں سے ملکِ شام کے اتحاد اور اقتدار اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے تئیں کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وہ شام میں صورتحال اور جاری واقعات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ بھارت نے شام میں سبھی طبقات کی اُمنگوں کا احترام کرتے ہوئے ملک شام کی قیادت میں ایک پُرامن اور سب کی شمولیت والے سیاسی عمل کی وکالت کی ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ دمشق میں بھارتی سفارت خانہ، بھارتی برادری کے تحفظ اور سلامتی کی خاطر اُن سے رابطے میں ہے۔×

**FS- Dhaka Visit**

خارجہ سکریٹری وِکرم مِصری بھارت-بنگلہ دیش وزارت خارجہ کے صلاح ومشورے کے اگلے دور میں بھارتی وفد کی قیادت کر رہے ہیں۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے جمعہ کے روز میڈیا کے افراد کو بتایا تھا کہ خارجہ سکریٹری ڈھاکہ میں بنگلہ دیش کے اپنے ہم منصب سے ملاقات کریں گے اور اُن کے دورے کے دوران مختلف میٹنگیں بھی ہوں گی۔ پانچ اگست کو بنگلہ دیش میں سیاسی قیادت کی تبدیلی کے بعد بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان یہ پہلا اعلیٰ سطحی رابطہ ہے۔ وزارت خارجہ کا پچھلا سالانہ صلاح ومشورہ 24 نومبر2023 کو نئی دلّی میں ہوا تھا۔×

**SC PIL Disposed**

سپریم کورٹ نے مفادِ عامہ کی اُس درخواست کو خارج کردیا ہے، جس میں سیاسی پارٹیوں کو جنسی اعتبار سے ہراساں کئے جانے کی روک تھام سے متعلق قوانین کے تحت لائے جانے کی اپیل کی گئی تھی۔ جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی والی ایک بنچ نے کہا کہ انتخابی کمیشن اِس کیلئے مجاز اتھارٹی ہوگی کہ وہ تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں سے ایک داخلی نظام قائم کرنے کیلئے کہے، تاکہ وہ کام کرنے کے مقامات پر خواتین کو جنسی اعتبار سے ہراساں کئے جانے کی روک تھام سے متعلق مختلف دفعات کے مطابق اِس سلسلے میں دائر کی گئی شکایات سے نمٹ سکے۔×

**RAJNATH RUSSIA**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، بھارتیہ بحریہ کے کثیرجہتی جدید ترین گائیڈیڈ میزائل **INS Tushil** کو آج بھارتی بحریہ میں شامل کریں گے۔ یہ تقریب آج روس کے شہر 'کالی نِن ݨگراڈ' میں **Yantra Shipyard** میں منعقد ہوگی۔ بھارتی بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دِنیش-کے-تر-یپاٹھی بھی اِس تقریب میں موجود رہیں گے۔

وزیر دفاع روس کے تین روزہ دورے پر کل رات موسکو پہنچے ہیں۔ جناب سنگھ اور روس کے اُن کے ہم منصب **Andrey Belousov** کل ماسکو میں ایک میٹنگ کی مشترکہ صدارت کریں گے۔ یہ میٹنگ فوج اور فوجی تکنیکی تعاون سے متعلق، بھارت-روس کے بین حکومتی کمیشن کی **21**ویں میٹنگ ہوگی۔ وہ باہمی مفاد کے موجودہ علاقائی اور عالمی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔×

**School - Bomm Threat**

قومی راجدھانی دلّی میں آج صبح ای-میل کے ذریعے کچھ اسکولوں کو بم کی دھمکیاں موصول ہوئیں۔ دلّی پولیس کے **PRO** سنجے تیاگی نے کہا کہ ای-میل موصول ہونے کے بعد پولیس کی ٹیمیں فوری طور پر سبھی مقامات پر پہنچ گئیں۔ انہوں نے سبھی بچوں اور اسکولوں کی سلامتی کی یقین دہانی بھی کرائی۔ جناب تیاگی نے مزید کہا کہ پولیس یہ پتہ لگارہی ہے کہ ای-میل کہاں سے آئی تھی اور اس کے خلاف ضروری کارروائی کی جائے گی۔×

**Chess World Champianship**

**FIDE** عالمی شطرنج چمپئن شپ میں آج بھارت کے گرینڈ ماسٹر **Dommaraju Gukesh** اور دفاعی چمپئن چین کے **Ding Liren** کے درمیان بارہواں کھیل ہوگا۔ یہ میچ سنگاپور میں بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے سے شروع ہوگا۔ **32** سالہ **Ding** سفید مہروں سے کھیلیں گے اور اُن پر کھیل میں دباؤ ہوگا، کیونکہ اب صرف تین گیم بچے ہیں۔ وہیں **18** سالہ **Gukesh** کل گیارہواں گیم جیتنے کے بعد چھ-پانچ سے سبقت بنائے ہوئے ہیں۔ لگاتار **7** گیم ڈرا ہونے کے بعد کل **Gukesh** کو جیت ملی ہے اور وہ شطرنج کی تاریخ میں سب سے کم عمر عالمی چمپئن بننے کے قریب ہوگئے ہیں۔×

**Hockey Asia Cup**

عمان کی راجدھانی مسقط میں جاری خواتین کے جونیئر ایشیا کپ ہاکی میں آج پول-اے کے ایک میچ میں بھارت کا مقابلہ ملیشیا سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے سے کھیلا جائے گا۔

ایک دیگر میچ میں پول-بی میں چینی تائپے کی ٹیم جنوبی کوریا کا سامنا کرے گی اور یہ میچ بھارت وقت کے مطابق شام **6** بج کر **15** منٹ سے کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆☆